ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((647

04-12-2021

**بہاول پور()انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں منشیات فروشوں اور پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف جاری 07روزہ مہم کے تحت پولیس کی ضلع بھر میں کارروائیاں جاری،45پیشہ ور بھکاری اور منشیات فروش گرفتار،10 کلو سے زائد چرس،17 کلو بھنگ،461لیٹر شراب،120لیٹر لہن اور 01 چالو بھٹی وکشید آلات برآمد،مقدمات درج۔معاشرتی برائیوں کے خاتمہ اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران۔**

تفصیل کے مطابق آئی جی پنجاب راؤ سردار علی خان کی پیشہ ور بھکاریوں اور منشیات فروشوں کے خلاف جاری 07روزہ مہم کے تحت بہاول پور پولیس کی ضلع بھر میں کارروائیاں جاری ہیں۔کارروائیوں کے دوران 45 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 10 کلو سے زائد چرس، 17 کلو بھنگ، 461لیٹر شراب، 120لیٹر لہن اور 01 چالو بھٹی وکشید آلات برآمد کر لیے۔پولیس تھانہ بغداد الجدید، سٹی یزمان، چنی گوٹھ، ڈھوڑ کوٹ، عباسنگر، صدر احمد پور شرقیہ، اوچ شریف، صدر حاصل پور، ڈیرہ نواب صاحب، سٹی احمد پور شرقیہ اور کوتوالی نے بھکاری ایکٹ کے تحت کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان محمد رمضان، لیاقت علی، اللہ رکھا، عبدالعزیز ،محمد ارشد، لیاقت علی، رب نواز، محمد ایوب، نازک حسین، محمد لطیف، عبدالرحمان، محمد موسی، محمد عمران، محمد نوید، محمد اسلم، نذیر احمد، عبدالعزیز، محمد جاوید، پروانہ خان، تنویر احمد اور غلام شبیر کو گرفتار کر لیا۔پولیس تھانہ کوتوالی، بغداد الجدید، صدر بہاول پور، مسافر خانہ، صدر احمد پور شرقیہ، ڈھوڑ کوٹ، نوشہرہ جدید، عنایتی اور قائم پور نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان سجاد حسین، محمد نذیر، محمد شہزاد، ممتاز احمد، محمد ذیشان، محمد صادق، احمد بخش، محمد حاکم، سراج منیر، محمد سہیل، ظفر حسین اور محمد سلیم کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 10 کلو495 گرام چرس اور 17 کلو کے قریب بھنگ برآمد کر لی۔پولیس تھانہ کوتوالی، کینٹ، بغداد الجدید، ڈیرہ نواب صاحب، چنی گوٹھ، ڈھوڑ کوٹ اور صدر حاصل پور نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان ملک عامر، محمد عارف، محمد اکرم، محمد نوید، محمد عبدالخباب، محمد کامران، محمد شوکت، رفیق احمد، ملک علی، مجاہد، محمد جاوید اور محمد نواز کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 461 لیٹر شراب، 120 لیٹر لہن اور 01 چالو بھٹی وکشید آلات شراب برآمد کر لیے۔گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج رجسٹر کر لیے گئے۔ڈی پی او محمد فیصل کامران نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ آئی جی پنجاب کی پیشہ ور بھکاریوں اور منشیات فروشوں کی گرفتاری کے حوالے سے جاری 07 روزہ مہم کے تحت بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔معاشرتی برائیوں کے خاتمہ اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس



بہاول پور: آئی جی پنجاب کی ہدایت پر پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں اور منشیات فروشوں کے خلاف آپریشن، ملزمان گرفتار، مقدمات درج۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز((648

04-12-2021

**بہاول پور()ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کا روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری منعقد کرنے کا سلسلہ برقرار،ورکنگ ڈے کے آخری روز 46 شہریوں کی کھلی کچہری میں شرکت،انفرادی طور پر شہریوں کے سامنے متعلقہ افسران کو آن کال لیتے ہوئے احکامات جاری،ہم عوام کو جوابدہ ہیں،میرٹ کو مقدم رکھتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر حل کرنا اولین ترجیح ہونی چاہیے۔ڈی پی او**

تفصیل کے مطابق وزیر اعلی پنجاب سردار عثمان بزدار اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب راؤ سردار علی خان کی اوپن ڈور پالیسی اور پبلک سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانے کی حوالے سے پالیسی کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کا اپنے دفتر میں روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری منعقد کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ورکنگ ڈے کے آخری روز 46 شہریوں نے پولیس سے متعلقہ اپنے مسائل کے حل کے لیے کھلی کچہری میں شرکت کی۔شہریوں کی درخواستوں پر ان کے سامنے متعلقہ افسران کو آن کال لیتے ہوئے مسائل حل کرنے کے احکامات جاری کیے،شہریوں کی جانب سے دی جانے والی درخواستوں پر کارروائیاں کرتے ہوئے رپورٹس بھجوانے کے احکامات بھی جاری کیے۔ڈی پی او محمد فیصل کامران نے پولیس افسران سے بات کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کے مسائل کو فوری حل کیا جائے،روزانہ کی بنیاد پر کھلی کچہری لگانے کا مقصد یہی ہے کہ تھانہ لیول پر پبلک سروس ڈیلیوری کو بہتر سے بہتر بنایا جائے جبکہ ان کے مسائل تھانہ کی سطح پر حل ہونے چاہیے۔انہوں نے شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ میرے اور عوام کے درمیان کوئی فاصلہ نہیں،شہریوں کے میرٹ پر مسائل حل ہونا میرے لیے باعث مسرت ہے۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس






بہاول پور:ڈی پی او محمد فیصل کامران کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کرتے ہوئے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز ((649

04-12-2021

# بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی زیر قیادت پولیس لائن کانفرنس ہال میں ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس

تفصیل کے مطابق ڈی پی او محمد فیصل کامران نے پولیس لائن کے کانفرنس ہال میں ضلع بھر کے امن کمیٹی کے ممبران اور انجمن تاجران کے ساتھ حالیہ ملکی حالات کے پیش نظر اور حالیہ محرم الحرام ،چہلم اور ربیع الاول کے پرامن انعقاد کے سلسلہ میں میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔میٹنگ کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ میٹنگ میں ضلع بھر کے امن کمیٹی کے ممبران اور انجمن تاجران نے شرکت کی ۔شرکاء امن کمیٹی نے محرم الحرام ،چہلم اور ربیع الاول کے دوران بہاول پور کی طرف سے فول پروف سیکیورٹی انتظامات کرنے پر ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اورانچارج سیکیورٹی کی کاوشوں کو سراہا اور شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ بہاول پور میں جتنے بھی تہوار ہوتے ہیں ضلعی پولیس محنت اور جانفشانی سے اپنے فرائض سرانجام دیتی ہے۔جس کے بعد اللہ تعالی کے بعد ہمارا ضلع پرامن طور پر جارہا ہے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران نے میٹنگ کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ امن کمیٹی کے ممبران ،انجمن تاجران اور سول سوسائٹی کے تعاون سے ہی ضلع میں امن کا قیام ہوتا ہے۔حالیہ ملکی حالات کے پیش نظر ضلع بھر میں امن وامان کی فضاء کو برقرار رکھا جائے گا،قیام امن کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے گا۔ ہمارا مذہب امن ، بھائی چارے اور باہمی اتفاق واتحاد کا درس دیتا ہے۔ہمیں فرقہ واریت اور مذہبی منافرت کی بجائے مذہبی ہم آہنگی اور اخوت ومحبت کو فروغ دینے کی ضرورت ہے تاکہ ملک دشمن قوتوں کو اپنے مذموم اور ناپاک عزائم میں کامیابی حاصل نہ ہو۔مساجد اور امام بارگاہوں میں لوگوں کو امن وسکون وتحمل کا درس دیں۔موجودہ ملکی صورت حال میں امن وامان کو یقینی بنانے کے لئے پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔میٹنگ کے اختتام پر ملکی سلامتی کے لیے دعا بھی کروائی گئی۔

جام محمد ساجد

ترجمان پولیس



بہاول پور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد فیصل کامران کی زیر قیادت پولیس لائن کانفرنس ہال میں ضلعی امن کمیٹی کا اجلاس،